آستانہ عالیہ گولڑہ شریف سے شائع ہونے والا

ماہنامہ

طلوعِ مہر

اسلام آباد
پاکستان


زیرِ سرپرستی: پیر سید نصیر الدین نصیر (گولڑہ شریف)

ربیع الاوّل ۱۴۲۲ھ جون ۲۰۰۱ء

وما ارسلنٰک اِلّا

رحمۃ للعالمین

دنیا میں رسولِ انس و جاں آتے ہیں
پیغمبرِ آخر الزّماں آتے ہیں
میلاد مناؤ اے مقدّر والو!
سلطانِ رسولانِ جہاں آتے ہیں



سجادہ نشین
پیر سید نصیر الدین نصیر

ربیع الاوّل ۱۴۲۲ ہجری (جون 2001ء)

ماہنامہ **طُلوعِ مہر** پاکستان اسلام آباد

زیرِ سرپرستی: پیر سیّد نصیر الدّین نصیرؔ (گولڑہ شریف)

جلد: 2
شمارہ: 12

بیادِ حضرت پیر سیّد مہرِ علی شاہؒ

اس شمارے میں

زرِ تعاون
فی شمارہ -/27 روپے سالانہ -/320 روپے
امریکہ $40 سالانہ - برطانیہ £25 سالانہ

برائے خط وکتابت
دفتر "طُلوعِ مہر"
گولڑہ شریف E-11 اسلام آباد
(پاکستان)
Ph&Fax: 0512292811

ملنے کا پتہ:
مکتبۂ مہریہ نصیریہ
درگاہ گولڑہ شریف فون: 2292814
E-mail: meharali@isb.paknet.com.pk

اکاؤنٹ نمبر 2-1092، نیشنل بنک آف پاکستان، F-10 برانچ، اسلام آباد

USA Offices

Qari Fazal Rasool
Jamia Hanfia Mehria &
Muslim Centre
32-13 INC. St# 57th Wood Side,
New York.
Office:
418 Avenue, P Brooklyn,
NY 11223, U.S.A.
Tel: 718-274-7813
Fax: 718-3396385

Mehar Maqsood Ahmed Ch.
810-Quentin Road, 2nd FL,
Brooklyn NY 11223,
U.S.A.
Tel: 718-376-7010

UK Office

Dr. Syed Imtiaz Hussain Shah
19 Banks Road, Small Heath
Birmingham, B10 9PP
England.
Tel: 0044-121-6849101

چیف ایڈیٹر و پبلشر پیر سیّد نصیر الدّین نصیرؔ نے پرنٹ سٹائل بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر دفتر "طُلوعِ مہر" گولڑہ شریف، E-11 اسلام آباد سے شائع کیا

خزانۂ دُرود و سلام

اللّٰھمّ صلی و سلم علی سیدنا محمدِ النبی الامی و آلہٖ وسلم

تحریر: افتخار احمد حافظ قادری، راولپنڈی

حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب "مثنوی شریف" میں ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ جس وقت شھد کی مکھی سرکار دوعالم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر تھی، آپ ﷺ نے اس سے پوچھا کہ تم تو مختلف پھولوں کا رس چوستی ہو جن کا ذائقہ پھیکا بلکہ قدرے تلخ بھی ہوتا ہے لیکن شھد میٹھا ہوتا ہے، اس میں شیرینی کہاں سے آتی ہے؟ اس پر شہد کی مکھی نے جواب دیا ۔

گفت چو خوانیم بر احمدؐ درود
می شود شیریں ، و تلخی را ربود

کہ یارسول اللہ ﷺ جب ہم رس چوستی ہیں تو آپ ﷺ پر درود شریف پڑھتے ہوئے اپنے چھتوں کی طرف سفر کرتی ہیں اس درود پاک کی وجہ سے ہی اس کی تلخی اور ترشی دور ہو جاتی ہے اور وہ میٹھا ہو جاتا ہے۔

نبی کریم ﷺ کا فرمانِ مبارک ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتے ہیں، دس نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جاتی ہیں، دس گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور دس درجے بلند کئے جاتے ہیں۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ سرکار ﷺ پر درود پاک پڑھنا تمام عبادات سے افضل ہے۔ چونکہ تمام عبادات کا حکم اللہ تعالیٰ نے خود دیا ہے مگر ان عبادات میں اپنے بندوں کے ساتھ خود شریک نہیں ہوئے صرف اور صرف "درودِ پاک" ہی ایک ایسا عظیم عمل ہے کہ جس میں اللہ تبارک و تعالیٰ خود اور اُس کے فرشتے بھی شریک ہیں اس لیے سب سے افضل وظیفہ اور عبادت صرف "درود شریف" ہی ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی پاک ﷺ پر درود پاک پڑھنا بے شمار فیوض و برکات کا موجب ہے۔ مشکلات اور پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں، حاجات پوری ہوتی ہیں اور کرب و بے چینی سے نجات مل جاتی ہے اور پھر سب سے بڑھ کر آپ ﷺ کا قرب حاصل ہو جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ ابنِ مسعودؓ کی ایک روایت کے مطابق آپ ﷺ کا ارشادِ مبارک ہے کہ قیامت کے دن سب سے زیادہ میرے نزدیک وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود پڑھتا ہے لہٰذا اس عظیم و افضل عبادت کو وظیفۂ جاں بنا لیا جائے، کیونکہ اس میں دونوں جہانوں کے لیے خیر و برکت ہے اسی لیے تو مولانا رومؒ فرماتے ہیں کہ ۔

اگر خیر یتِ دنیا و عقبیٰ آرزو داری
بدرگاہش بیا ، و ھرچہ می خواہی تمنا کن

کہ اے لوگو! اگر تم دنیا و آخرت کی خیر و عافیت کے طلب گار ہو تو پھر آپ ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو جاؤ، جو کچھ چاہتے ہو اس کی تمنا کرو سب کچھ ملے گا۔

پھر میسّر تجھے دیدارِ مدینہ ہو گا
وہ بلائیں گے تجھے جلوہ دکھانے کے لیے

ایک بزرگ فرماتے ہیں ۔

اگر حبِ خُدا خواہی ، بجاں شو پیروِ احمدؐ
صراطِ مستقیم این ست ، وراہِ جملہ کاملہا

نبی پاکؐ پر درود پاک پڑھنا
بے شمار فیوض و برکات کا موجب ہے
مشکلات اور پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں،
حاجات پوری ہوتی ہیں اور کرب و بے چینی
سے نجات مل جاتی ہے

اگر تو اللہ تعالیٰ کی محبت کا طلب گار ہے تو پہلے محبوبِ خُدا ﷺ کا پیروکار بن، کیونکہ خُدا کی قربت حاصل کرنے کا یہی سیدھا اور آسان راستہ ہے۔ تمام اولیاء و کاملین نے بھی یہی راستہ اختیار کیا۔

فضیلتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت امام صاویؒ فرماتے ہیں کہ سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر 56 کی رو سے نبی کریم ﷺ تمام مخلوقات سے افضل، ارفع و اعلیٰ ہیں۔ کتاب "القول البدیع" میں حضرت امام سہل بن محمد بن سلیمانؒ فرماتے ہیں کہ یہ شرفِ عظیم جو آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا وہ حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے فرشتوں کا سجدہ کرنے سے زیادہ افضل و اعلیٰ ہے۔ کیونکہ حکم سجدہ صرف فرشتوں کے لیے تھا، ذاتِ باری تعالیٰ اس میں شریک نہ تھی لیکن جب رحمۃ للعالمین سیّد الانبیاء والمرسلین ﷺ کی باری آئی تو ارشاد فرمایا کہ

"تحقیق اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی پاک ﷺ پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو تم بھی آپ ﷺ پر درود اور سلام پیش کرو"۔

درُودِ پاک پڑھنے والا اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کی رحمت کا حقدار بن جاتا ہے

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درُودِ پاک پڑھنے کے فوائد و برکات:

1. درُودِ پاک پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی فرمانبرداری ہوتی ہے۔
2. درُودِ پاک پڑھنے سے اللہ تعالیٰ سے موافقت۔
3. درُود پاک پڑھنے سے فرشتوں کے ساتھ موافقت۔
4. ایک مرتبہ درُود شریف پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے دس بار رحمت۔
5. ایک مرتبہ درُود شریف پڑھنے سے دس درجات کی بلندی۔

6. ایک مرتبہ دُرود شریف پڑھنے سے دس نیکیوں کا لکھا جانا۔

7. ایک مرتبہ دُرود شریف پڑھنے سے دس گناہوں کا معاف کیا جانا

8. سببِ قبولیتِ دُعا۔

9. دُرودِ پاک پڑھنے سے آپ ﷺ کی شفاعت کا حقدار ہونا۔

10. گناہوں کے بخشے جانے کا سبب۔

11. دُرودِ پاک پڑھنے والے کے تمام امور میں اللہ تعالیٰ کی کفایت۔

12. قیامت میں نبی کریم ﷺ کا قرب۔

13. صدقے کا قائم مقام، یعنی اگر کسی کے پاس صدقہ کی استطاعت نہ ہو تو وہ اپنی دُعا میں اس طرح کہے اللھم صلی علی محمد عبدك و رسولك و صل علی المؤمنین والمؤمنات والمسلمین والمسلمات تو یہ اس کی طرف سے صدقہ شمار ہوگا۔

14. پاکیزگی کا نصیب ہونا۔

15. قضائے حاجات کا سبب۔

کی ابتداء اللہ تبارک و تعالیٰ کے نام، حضور ﷺ پر دُرودِ پاک پڑھنے سے شروع کی گئی۔

27. دُرودِ پاک پڑھنے سے پُل صراط پر بندے کو روشنی اور نور کا حاصل ہونا۔

28. دُرود پاک پڑھنے سے پریشانیوں اور مشکلات سے نکل آنا۔

29. دُرودِ پاک پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے تعریف ہوتی ہے۔

30. دُرودِ پاک پڑھنے والے کے عمل و عمر میں برکت ہوتی ہے۔

31. دُرودِ پاک پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نزول ہوتا ہے۔

32. دُرودِ پاک پڑھنا آپ ﷺ سے محبت کی نشانی ہے، کیونکہ جو جس کو پسند کرتا ہے اکثر اس کا ذکر کرتا ہے۔

33. دُرودِ پاک پڑھنے سے آپ ﷺ سے محبت حاصل ہوتی ہے۔

34. دُرودِ پاک پڑھنے سے بندے کو ہدایت

پر دُرود پڑھنے کو وظیفۂ جاں بنالو کیونکہ دُرودِ پاک ہی سب سے قیمتی خزانہ ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ مجھے سیّد ابوالعباس الخضر علیہ السلام نے حکم دیا ہے کہ میں ہر روز طلوعِ آفتاب تک مدنی سرکار ﷺ پر دُرود پاک پڑھتا رہا ہوں اور پھر جب میں نے اس پر عمل شروع کر دیا تو مجھے اور میرے احباب کو دنیا و آخرت کی وہ خیر اور وسعتِ رزق حاصل ہوگئی کہ اگر تمام اہلِ

جو شخص حضورِ قلب اور خشوع و خضوع کے ساتھ دُرود شریف پڑھتا ہے تو اس شخص کے اجر کا سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو علم نہیں

مصر میرے افرادِ خانہ ہوتے تو تب بھی مجھے کوئی ان کا فکر نہ ہوتا۔

دُرودِ پاک ہی حضور ﷺ سے اتصال کا ذریعہ ہے

سیّد احمد دحلانؒ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ پر کسی بھی صیغہ میں دُرود شریف مفید ہے۔ کیونکہ

دُرودِ پاک پڑھنا آپ ﷺ سے محبت کی نشانی ہے کیونکہ جو جس کو پسند کرتا ہے اکثر اس کا ذکر کرتا ہے

16. دُرودِ پاک پڑھنے والا اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کی رحمت کا حقدار بن جاتا ہے۔

17. موت سے قبل جنت کی بشارت۔

18. دُرودِ پاک قیامت کی ہولناکیوں سے نجات کا سبب۔

19. آپ ﷺ دُرود پڑھنے والے کو سلام کا جواب عنایت فرماتے ہیں۔

20. دُرودِ پاک کی برکت سے بھولی ہوئی باتوں کا یاد آجانا۔

21. دُرودِ پاک فقر و غربت کو دور کر دیتا ہے۔

22- دُرود پاک بخل دور کر دیتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا، بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر دُرود شریف نہ پڑھے۔

23. مشکلات اور پریشانیوں سے نجات۔

24. جنت کے راستے کا علم ہو جانا۔

25. دُرودِ پاک پڑھنے سے گناہوں سے نجات کا حاصل ہو جانا۔

26. اُن تمام کاموں کا پایۂ تکمیل تک پہنچ جانا جن

نصیب ہوتی ہے۔

35. دُرودِ پاک پڑھنے والے کا نام آپ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے۔

36. دُرودِ پاک پڑھنے سے پُل صراط پر گزرتے وقت مضبوطیِ قدم۔

37. دُرودِ پاک پڑھنے سے آپ ﷺ کے چند حقوق ادا ہو جاتے ہیں۔

38. دُرودِ پاک، اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اس کا شکر ہے

39. دُرودِ پاک پڑھنا رحمت کی دُعا ہے۔

ان مذکورہ فوائد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ دُرودِ پاک کا ورد کریں۔

لئے جاؤ اقبالؔ نام محمد ﷺ
شفاعت کا ضامن ہے اسمِ گرامی
کہاں میں کہاں ذاتِ مدحِ گرامی
میں سعدیؔ نہ رومیؔ نہ قدسیؔ نہ جامیؔ

دُرودِ پاک پڑھنے کے لیے دنیا و آخرت میں خیر کی بشارت

حضرت امام شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ

دُرود سلام کی پابندی سے بے شمار انوار و برکات کا حصول اور آپ ﷺ سے اتصال اور قرب حاصل ہو جاتا ہے۔ پس تم میں سے جو کوئی بھی خلقِ خُدا کی ہدایت چاہتا ہو اسے چاہیے کہ وہ لوگوں کو استغفار اور دُرودِ پاک پڑھنے کی تلقین کرے۔

عید میلاد النبیؐ منانے کا سب سے بہترین اور افضل طریقہ آپ ﷺ پر دُرود شریف پیش کرنا اور ایسی محافل کا اہتمام کرنا ہے۔

شیخ ابن عطاء السکندریؒ اور دُرودِ پاک

شیخ ابن عطاء السکندریؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کے بہت زیادہ روزے اور قیام رہ گیا ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اپنے آپ کو حضور پاک ﷺ پر دُرود شریف پڑھنے میں مصروف کرلے۔

شیخ شعرانیؒ اور دُرودِ پاک

حضرت امام شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کی طرف سے ہم سے عہد لیا گیا کہ ہم صبح و شام آپ ﷺ کی ذاتِ بابرکات پر دُرود شریف کی کثرت کریں گے۔

بقیہ بر صفحہ 22